ہدایات برائے مدارس وجامعات

ملحقہ وفاق المدارس العربیہ پاکستان

جن طلبہ وطالبات کی رجسٹریشن ''وفاق'' میں ہوچکی ہے ان کے داخلے آن لائن بھجوانا لازم ہے۔ابتدائی درجات (درجہ حفظ،متوسطہ،رجسٹریشن درجہ اولی، ثانویہ خاصہ سال اول بنات، دراسات سال اول اور تجوید حفاظ) کا داخلہ حسب سابق مروجہ داخلہ فارم پر ہوگا۔

داخلہ کی درجہ وار فہرست اور چالان فارم برائے وصولی فیس پر دستخط مہتمم اور مہر مدرسہ ثبت کرنا لازم ہے اور ان دونوں مصدقہ اصل دستاویزات کے ساتھ فیس (بینک میں ان لائن جمع کی گئی رقم) کا ثبوت لف کرکے دفتر وفاق کو بھیجنا لازم ہے (ان کی کاپی اپنے پاس بھی محفوظ رکھیں)۔تمام داخلہ فیس بذریعہ بینک آن لائن بھیجنے کا اہتمام کریں۔ بذریعہ منی آرڈر رقوم ہرگز نہ بھیجیں۔آخری درجہ الحاق کی سالانہ فیس اور ماہنامہ وفاق کی فیس ہمراہ بھیجیں۔سالانہ فیس درج ذیل ہے:

مدارس تحفیظ، تجوید، ابتدائیہ، متوسطہ کا سالانہ فیس 980 روپے، ثانویہ 1560 روپے، عالیہ 2930 روپے اور جامعات کی سالانہ فیس 3900 روپے ہے۔جبکہ ماہنامہ وفاق کی فیس 540 روپے ہے۔

واضح رہے کہ مدرسہ کی طرف سے بھیجی گئی فہرست اور فیس کے مطابق طلبہ وطالبات کے رول نمبر جاری کیے جائیں گے۔

نوٹ: عالیہ سال اول بنین کی فہرست کے ساتھ اس درجہ کے طلبہ کی تازہ تصاویر لف کرنا لازم ہے۔ ہر طالب علم کی تصویر کی پشت پر اس کا نام اور رقم التسجیل ضرور لکھیں۔

ترقی الحاق: جن مدارس نے اگلے درجے میں ترقی کی ہو مثلاً ثانویہ سے عالیہ یا عالیہ سے عالمیہ کی تعلیم شروع کی ہے تو اپنا ترقی الحاق سالانہ امتحان کے داخلوں سے پہلے کروالیں۔ترقی الحاق نہ ہونے کی صورت میں اگلے درجے کے داخلہ فارموں پر دفتری کارروائی نہ ہوگی، ترقی الحاق کے لیے مطلوبہ درجے میں کم از کم 3 طلبہ / طالبات کا ہونا لازم ہے۔

ترقی الحاق فیس اور تجدید الحاق فیس

نمبر شمار	درجہ الحاق	الحاق فیس	سالانہ فیس	ماہنامہ فیس	کل رقم
01	تحفیظ سے ثانویہ	390	1560	540	2490
02	ثانویہ سے عالیہ	1560	2930	540	5030
03	عالیہ سے عالمیہ	980	3900	540	5420
04	تجدید الحاق فیس				750